❁ سیدنا عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "وَإِنَّهَا لَمْ تَكُنْ نُبُوَّةٌ قَطُّ إِلَّا تَنَاسَخَتْ"
"اب سلسلہ نبوت ختم ہو چکا ہے۔" [صحیح مسلم:2967]

خاتمہ: میرے مضمون کا ماحصل اور خلاصہ درج ذیل ہے:

❁ ختم نبوت مسلمانوں کے بنیادی عقائد میں شامل ہے۔
❁ ختم نبوت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا خاصہ ہے، جس کا واضح مطلب ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی اس خصوصیت میں شامل نہیں ہے۔
❁ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو پوری انسانیت کی طرف مبعوث کر کے ختم نبوت کی طرف کھلا اشارہ دیا گیا ہے۔
❁ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قصر نبوت کی آخری اینٹ ہیں، جس کے بعد عمارت بالکل مکمل ہو چکی ہے۔
❁ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نظام خلافت کا آغاز ہو جانا ختم نبوت پر دلالت کناں ہے۔
❁ حجۃ الوداع کے موقع پر دین کی تکمیل ہو چکی ہے تو اب شریعت میں کسی قسم کا اضافہ کرنا درست نہیں، نئی نبوت کا ہونا تو محال ہے۔
❁ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا مطلب ہی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سلسلہ نبوت کو ختم کرنے والے ہیں تو نئے نبی کا وجود کس طرح ممکن ہو سکتا ہے؟
❁ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت پر قرآن وحدیث کی نصوص موجود ہیں، ان کا منکر بالاتفاق کافر ہے۔
❁ ختم نبوت کا منکر دراصل اجماع امت کا منکر ہے۔
❁ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹوں کا بلوغت سے پہلے فوت ہو جانا بھی ختم نبوت کی طرف کھلا اشارہ ہے۔
❁ صحابہ کرام کی توضیحات بھی ختم نبوت پر مہر ثبت کر رہی ہیں۔

مولانا قطب شاہ کی عمرہ کے لیے روانگی

مورخہ 13 اکتوبر بروز منگل جامعہ علوم اثریہ جہلم کے مدرس مولانا قطب شاہ حفظہ اللہ عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے لیے سرزمین حجاز روانہ ہوئے۔ جامعہ کے اساتذہ اور طلبا نے انہیں دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا۔ وہاں شاہ صاحب 24 دن قیام کریں گے۔ مکہ و مدینہ کی یونیورسٹیوں میں پڑھنے والے ان کے کئی ایک شاگردوں نے ان سے ملاقاتیں کی اور ضیافت کا اہتمام کیا۔